بچی کا نام "امِ ابیہا" رکھنا کیسا؟

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2651

تاریخ اجراء: 08 شوال المکرم 1445ھ/17 اپریل 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا ہم بچی کا نام "امِ ابیہا" رکھ سکتے ہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! بچی کا نام "ام ابیہا" رکھ سکتے ہیں، یہ سیدہ فاطمۃ الزھراء رضی اللہ عنہا کی کنیت ہے اور کنیت کو بھی بطور نام رکھا جاتا ہے اور حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے۔

یاد رہے یہ اپنی اصل کے اعتبار سے اگرچہ کنیت ہے کہ جو عَلَم "ام" یا "اب" سے شروع ہو، وہ کنیت کہلاتا ہے لیکن اسے بطور نام رکھنا بھی جائز و درست ہے جیسا کہ حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کی کنیت ہی ان کا نام تھی۔

الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب میں ہے "عن جعفر بن محمد، قال: كانت كنية فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم أم أبيها" ترجمہ: حضرت جعفر بن محمد سے مروی ہے فرماتے ہیں: حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کی کنیت "ام ابیھا" تھی۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، جلد4، صفحہ1899، دار الجیل، بیروت)

فتح الباری میں ہے: "والكنية ما صدرت بأب أو أم" ترجمہ: کنیت وہ ہے جو "اب" یا "ام" سے شروع ہو۔ (فتح الباری، جلد06، صفحہ560، بیروت)

کنیت کے بطور نام ہونے کے متعلق عمدۃ القاری میں ہے: "كثير من الأسماء المصدرة بالأب أو الأم لم يقصد بها الكنية، وإنما يقصد بها إما العلم وإما اللقب ولا يقصد بها الكنية" ترجمہ: بہت سے نام "اب، ام" سے شروع ہوتے ہیں لیکن ان سے کنیت مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس سے یا تو نام مقصود ہوتا ہے یا لقب، اس سے کنیت مراد نہیں ہوتی۔ (عمدۃ القاری، جلد22، صفحہ218، بیروت)

حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمن رضی اللہ تعالی عنہما کی کنیت کے متعلق عمدۃ القاری ہی میں ہے" وأبو سلمة هو ابن عبدالرحمن بن عوف والمشهور أن هذه الكنية هي اسمه "ترجمہ: ابو سلمہ جو کہ عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہما کے بیٹے ہیں، ان کے متعلق مشہور ہے کہ ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے۔(عمدۃالقاری، جلد19، صفحہ111، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net